© rasailojaraid.com



## کاروانِ جنت

مؤلف: علامہ محمد عبد اللہ
ضخامت: ۲۳۰ صفحات۔ قیمت: درج نہیں
ملنے کا پتہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ
بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

زیر نظر کتاب احمد پور شرقیہ کے معروف عالم دین حضرت علامہ محمد عبد اللہ مدظلہ کی گراں قدر تالیف ہے۔ جس میں ان جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مختصر تعارف ہے جن کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرداً فرداً جنتی ہونے کی بشارت دی ہے۔ یوں تو قرآنِ کریم میں تمام اصحاب نبی سے اللہ تعالیٰ نے حسنِ آخرت کا وعدہ فرمایا ہے اور یہ معیت وصحبت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا صلہ ہے۔ لیکن بعض خوش نصیب ایسے بھی ہیں جن کا نام لے کر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں جنت کی خوشخبری سنائی۔

آغاز میں مقام صحابہ، صحابہ کرام میں فرقِ مراتب، تمام صحابہ کے بارے میں عمومی بشارت جیسے مضامین نے کتاب کی اہمیت کو اور بڑھا دیا ہے۔ اصحابِ حدیبیہ، اصحابِ بدر، بحری مجاہدین، مجاہدینِ قسطنطنیہ، عشرہ مبشرہ، امہات المومنین اور ان دیگر صحابیات کا تذکرہ ہے جنہیں آپ علیہ السلام نے جنت کی خوشخبری سنائی۔ کتاب کے مطالعہ سے ایمان منور ہوتا ہے اور صحابہ کرام کے بارے میں قلوب واذہان کا تزکیہ ہوتا ہے۔

## اسلامی زندگی قرآن کے آئینہ میں

مؤلف: مولانا محمد شمشاد قاسمی
ضخامت: ۱۲۸ صفحات قیمت: درج نہیں
ادارہ تالیفات اشرفیہ بیرون بوہر گیٹ ملتان

قرآن کریم کامل دستور حیات ہے۔ فرمانِ الٰہی کے مطابق اس کتاب سے متقین ہی ہدایت حاصل کر سکتے ہیں۔ (ھدیً للمتقین) آج مسلمان صرف اس لئے زوال آشنا ہے کہ قرآن کریم سے اس کا رشتہ و تعلق صرف نام کا ہی باقی رہ گیا ہے۔

اس کام کی اشد ضرورت ہے کہ امتِ مسلمہ میں قرآن کی دعوت عام کی جائے اور اپنی تمام صلاحیتیں اس کار خیر میں صرف کی جائیں۔ مولانا محمد شمشاد قاسمی کا تعلق بھارت سے ہے۔ انہوں نے انسان کے انفرادی واجتماعی مسائل پر قرآن کریم کی آیات ترجمہ کے ساتھ جمع کر دی ہیں۔ کتاب اسم با مسمیٰ ہے اور اس میں "اسلامی زندگی قرآن کے آئینہ میں" کی جھلک موجود ہے۔ مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، مولانا محمد برھان الدین سنبھلی اور دیگر حضرات کی آراء بھی کتاب میں شامل ہیں۔

## جنت کے حسین مناظر

مؤلف: ابو نعیم اصبہانی
ترجمہ: مولانا محمد صدیق، مولانا عبد الغنی طارق
ضخامت: ۱۱۴ صفحات، قیمت: درج نہیں
ناشر: طیب اکیڈمی بیرون بوھڑ گیٹ ملتان

زیر مطالعہ کتاب معروف محدث ابو نعیم اصبہانی کی "عربی کتاب صفۃ الجنۃ" کا سلیس اردو ترجمہ ہے۔ جسے مولانا محمد صدیق (فاضل بنوری ٹاؤن کراچی) اور مولانا عبد الغنی طارق (فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور) نے نہایت سلیقہ اور محنت سے اردو زبان میں منتقل کیا ہے۔ ۹۲ عنوانات پر ۴۵۵ احادیث مبارکہ مع سند کے درج کی ہیں۔ جنہیں پڑھ کر ایمان کو جلا ملتی ہے اور حصولِ جنت کا شوق بڑھتا ہے۔

ہمارا بیشتر ذخیرۂ علم عربی کتابوں میں ہے مگر عربی زبان سے ناواقف ہونے کی وجہ سے عام لوگوں کی اکثریت اس سے مستفید نہیں ہو سکتی۔ زیر تبصرہ کتاب اس کمی کو پورا کرنے کی بہترین کاوش ہے۔ اس میں حصولِ جنت والے اعمال حسنہ، جنت کے حقداروں کے درجات اور جنت کی نعمتوں کا ذکر لسانِ نبوت کی تصدیق کے ساتھ موجود ہے۔

© rasailojaraid.com